سوال

(02) تجارتی کاروبار خراب ہوگیا۔ پوشیدنی اشیاء کے سوا کسی کے پاس قابل زکوٰۃ مال موجود ہے۔

جواب

السلام علیکم ورحمة اللہ وبرکاتہ

زید کا تجارتی کاروبار خراب ہوگیا، پوشیدہ فی زیور قابل زکوٰۃ موجود ہے، زید کی بیٹی، داماد، نواسہ، نواسی، جملہ چھ نضر ایک دوسرے شہر سے بسبب ناداری و موجودہ گرانی کے زید کے پاس آگئے جن کی خوردونوش کا زید متحمل نہیں ہوسکتا۔ زید چاہتا ہے کہ مذکورہ زیور کی زکوٰۃ سے غلہ خرید کر اور اس میں اپنی خوراک کا غلہ شامل کر کےاپنے داماد کے ساتھ خوردونوش کرے، تاکہ زید کا بوجھ ہلکا ہوجائے۔ لہٰذا کیا حکم ہے؟

الجواب بعون الوہاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاتہ!

الحمد للہ، والصلاة والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد!

زکوٰۃ کے مال سے ایسے قریبوں کی مدد کرنا جائز ہے، بلکہ ثواب زیادہ ہے، مگران کا حصہ ان کے قبضے میں کرا کر بعد میں اپنا حصہ شامل کر کے کھانا پکوائے، حتی المقدوراپنے حصے سے زیادہ دیا کرے، تاکہ اشتباہ باقی نہ رہے۔ وَاللَّهُ يَعْلَمُ الْمُفْسِدَ مِنَ الْمُصْلِحِ اللہ اعلم (جلد ۴، نمبر ۳۹ اہل حدیث) (فتاویٰ ثنائیہ جلد نمبر ۱ ص ۴۶۵)

ھذا ما عندي واللہ أعلم بالصواب

فتاوی علمائے حدیث

جلد 7 ص 81

محدث فتویٰ